بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# رپورٹ

# کارکردگی مرکزی مجلس تعمیر ملت حیدرآباد

## اکٹوبر 2020 تا اکٹوبر 2021ء

پیشکش: عمر احمد شفیق معتمد عمومی کل ہند مجلس تعمیر ملت

کل ہند مجلس تعمیر ملت کا گذشتہ 71 سال سے اسلام کی سر بلندی اور مسلمانوں کی ترقی اور تحفظ کے لیے عہد ساز اور گرانقدر کار ہائے نمایاں انجام دینے کا سلسلہ بفضل تعالیٰ جاری ہے یہ تنظیم ابتداء میں ’’بزم احباب‘‘ اور پھر 1954ء ’’تعمیر ملت‘‘ سے موسوم ہوئی۔ تنظیم سابق ریاست حیدرآباد میں بڑے کٹھن اور صبر آزما اور ہمت شکنی ماحول میں مسلمانوں کی جرات مندانہ رہنمائی کی اور دیگر گوں حالات کا مقابلہ کرنے اور آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا۔ کل ہند مجلس تعمیر ملت کے بانی قوم وملت کے بے باک قائد عالی جناب سید خلیل اللہ حسینیؒ جو دور اندیش قائد اور مصلح تعلیم تھے ستمبر 1948ء وہ ستم گر مہینہ میں ریاست حیدرآباد پر فوج کشی کے ذریعہ حیدرآباد ریاست کو ہندوستان میں ضم کر لیا گیا مگر اس فوج کشی کی آڑ میں فرقہ پسند عناصر نے ہزاروں مسلمانوں کو شہید کیا ہزاروں ماؤں و بہنوں کی عزت لوٹی گئی ہر طرف سے مسلمانوں کی زندگی تنگ کر دی گئی تھی اس پر آشوب دور میں کل ہند مجلس تعمیر ملت کا قیام عمل میں لایا گیا۔ قائد محترم سید خلیل اللہ حسینیؒ کے ساتھ ابتداء میں جناب مولانا سید غوث خاموشی صاحب، جناب سید مظہر قادری صاحب، مولانا سلیمان سکندر صاحب، جناب محمد عبدالرحیم قریشی صاحب، جناب ڈاکٹر کریم رضا صاحب، جناب یوسف رحمت اللہ صاحب، جناب سید یسینٰ صاحب، جناب قیوم عادل صاحب جیسے قوم کے خدمت گذاروں نے اپنی خدمات پیش کی۔ اور الحمدللہ 71 سال سے یہ کارواں قوم وملت کی خدمت میں سرگرم عمل ہے۔ تنظیم ملک میں فرقہ وارانہ فسادات میں اپنی خدمت کی ایک تاریخ رکھتی ہے تنظیم کے وجود کے ساتھ ہی بانی تنظیم نے ملک میں جو فسادات انگریزوں کی طرف سے مسلمانوں کو ورثاء میں ملا تھا مظلوم مسلمانوں کی امداد کے لیے آگے بڑی اور اس کام کی ایک تاریخ مرتب کی قائد محترم جناب سید خلیل اللہ حسینیؒ نے جب یہ دیکھا کے فسادات رکنے کا نام نہیں لے رہے تھے ایسے وقت میں آپ نے اپنی دور اندیشی دور بینی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہندوستان کے دستور کی روشنی میں ’’حفاظت خود اختیاری کا نعرہ دیا‘‘ اور آپ نے کہا کہ ’’مسلمانو کسی کو چھیڑومت کوئی چھیڑا تو اس کو چھوڑومت‘‘ جہاں جہاں یہ نعرہ اور حفاظت خود اختیاری کا نظریہ پہنچا وہاں وہاں فسادات کچھ وقت کے لیے تھم گئے اور مسلمانوں کو سنبھلنے کا موقع ملا۔ قوم وملت کی تعلیمی حالات کو مستحکم کرنے کے لیے گھر گھر علم کا چراغ جلانے کے لیے تعلیمی بیداری کی اور غریب نادر طلبا وطالبات کے لیے تعلیمی امداد کا انتظام کیا۔ سب سے پہلے کل ہند مجلس تعمیر ملت نے عیدالضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی کا استعمال قوم وملت کے تعلیمی امداکے لیے شروع کیا۔ اس شمع سے سینکڑوں مدارس قائم ہوئے اور ہزاروں طلبا وطالبات دینی ودنیوی تعلیم کے میدان میں اس امداد کے ذریعہ اعلیٰ تعلیم یافتہ بنے اسکے ذریعہ تعلیمی میدان میں ایک انقلاب پیدا کرنے کی کوشش کی گئی۔ تبلیغ اسلام ہوکہ دینی محافل، میڈیکل امداد ہو، کوئی اور امداد تنظیم ہر وقت ہر کام میں آگے رہتی ہے۔ تنظیم حکومت اور دیگر سیاسی وفرقہ پسند جماعتوں کی جانب

سے جو سازشیں مسلمانوں اور اسلام کے خلاف کی جاتی ہیں اسکے خلاف آواز اٹھاتی ہے بااوقات سخت احتجاج بھی مرتب کرتی ہے۔ ہندوستان میں ہی نہیں دنیا میں جہاں بھی مسلمانوں اور انسانیت پر ظلم ہوتا ہے تو تنظیم اسکے خلاف آواز اٹھاتی ہے جہاں عملی کام کیا جا تا سکتا ہے وہاں عملی کام بھی کیا جاتا ہے۔ اور قوم ملت میں شعور پیدا کرتی ہے پچھلے ایک سال اکٹوبر 2020 تا 2021ء کی مختصر سی رپورٹ حسب ذیل ہے۔

**یوم رحمتہ للعلمینؐ و یوم صحابہؓ** عشق رسولؐ سے دلوں کو منور کرنے اپنی زندگیوں میں قرآن اور صاحب قرآن کی تعلیمات کو عملی نمونہ بنانے کے لئے اور وقت کے چیلنجس کے مقابلہ کیلئے بانی تنظیم سید خلیل اللہ حسینیؒ نے اس ملک میں یوم رحمتہ للعلمینؐ کے جلسوں کی بنیاد ڈالی اسی طرح عاشقان رسولؐ کا وہ پہلا دستہ جنھوں نے اپنا مال وعیال اپنی جانیں نبی رحمتؐ واسلام پر لٹادی تھیں انکی یاد میں اور انکی زندگیوں کو مشعل راہ بنانے کے لے یوم صحابہؓ کے جلسوں کا آغاز کیا الحمدللہ تنظیم کی جانب سے پچھلے 71 سال سے پابندی کی ساتھ یہ عظیم الشان پروگرام اپنی محبت اور عقیدت کے ساتھ منعقد کرتی آرہی ہے۔ کویڈ ۱۹ کی وجہہ سے یہ پروگرام محدود پیمانہ پر 71 واں یوم رحمتہ للعلمینؐ ریڈ روز فنکشن ہال نامپلی میں اور یوم صحابہؓ سر نظامت جنگ لائبریری مدینہ منشن میں منعقد کئے گئے لیکن اس کو عوام تک پہنچانے کے لئے مختلف ٹی وی چینلس، فیس بک، یوٹوب، زوم آیپ پر لائف ٹیلی کاسٹ کیا گیا اسکے ذریعہ ہزاروں عاشقان رسولؐ وصحابہؓ نے استفادہ حاصل کیا۔ ۱۲ ربیع الاول مطابق ۳۰ اکٹوبر کو یوم رحمتہ للعلمین کا انعقاد زیر نگرانی جناب سید جلیل احمد صاحب ایڈوکیٹ صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت عمل میں آیا جلسہ کا آغاز قاری محمد عظیم الدین صاحب کی قرأت کلام پاک سے ہوا۔ جناب شاہنواز ہاشمی صاحب حمد باری تعالٰی پیش کی۔ جناب ڈاکٹر فخر الدین محمد صاحب صدر استقبالیہ نے ۷۱ واں یوم رحمتہ للعلمینؐ و یوم صحابہؓ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ جناب یوسف حامدی صاحب کارگذار معتمد عمومی تنظیم نے 2020 تا 2021 تنظیم کی رپورٹ پیش کی عالمی شہرت یافتہ عالم دین شیخ اسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری صاحب بانی وسرپرست منہاج القرآن کینڈا، سے شیخ فخر الدین اویسی صاحب، (ساوتھ آفریقہ) امام عبدالقدوس الازہری صاحب (آسٹریلیا) سے آن لائن مخاطب کیا۔ مولانا مفتی سید ضیاء الدین نقشبندی صاحب، شیخ الفقہ جامعہ نظامیہ ڈاکٹر حافظ احسن بن محمد الحمومی صاحب خطیب شاہی مسجد باغ عامہ نے بھی مخاطب کرنے کی سعادت حاصل کی۔ جناب راشد عبدالرزاق میمن صاحب، ڈاکٹر طیب پاشاہ قادری صاحب نے نعت شریف پیش کرنے کا شرف حاصل کیا۔ جناب ساجد عارف روف صاحب نے بارگاہ رسالت مآب میں سلام پیش کیا۔ جناب ڈاکٹر یوسف حامدی معتمد استقبالیہ نے کاروائی چلائی۔ جناب عبدالجلیل طارق نائب معتمد استقبالیہ کے شکریہ پر اجلاس اختتام کو پہنچا۔ ۱۳ ربیع الاول ۱۴۴۲ھ م ۳۱/ اکٹوبر ۲۰۲۰ء بروز ہفتہ کو جلسہ یوم صحابہؓ زیر نگرانی جناب سید جلیل احمد صاحب ایڈوکیٹ صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز قاری محمد عبدالمنان صاحب کی قرأت کلام مجید سے ہوا۔ حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب شیخ الجامعہ نظامیہ، مفتی نیر آعظم شرفی صاحب، ڈائرکٹر اسلامک انفرمیشن سنٹر، مولانا شیخ عبدالرحمٰن صاحب خطب مسجد شجاعت جانکی نگر ٹولی چوکی نے مخاطب کیا۔ مولانا محمد قمر الزماں صاحب نے (انگلینڈ سے آن لائن مخاب کرنے کی سعادت حاصل کی۔ ڈاکٹر فخر الدین محمد صاحب صدر استقبالیہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ جناب فاروق علی صاحب نے نعت شریف جناب شاہ نواز ہاشمی صاحب نے منقبت پیش کی۔ نائب معتمد استقبالیہ جناب عبدالجلیل طارق نے شکریہ ادا کیا۔ معتمد استقبالیہ جناب یوسف حامدی نے کاروائی چلائی۔

**سیلاب میں امدادی کام:** ماہ اکٹوبر 2020ء میں شدید بارش کی وجہہ سے شہر کے کئی محلوں میں سیلاب سے تباہ کاری ہوئی ہزاروں لوگ بے گھر ہوگئے کروڑوں کا نقصان ہوااوراس سیلاب سے جہاں کئی خاندانوں کو جانی نقصان بھی برداشت کرنا پڑاان حالات میں مرکزی مجلس تعمیر ملت کیجانب سے جناب ڈاکٹر یوسف حامدی کارگذار معتمد عمومی کی نگرانی میں شہر کے مختلف محلّہ جات میں مرکزی تنظیم کی جانب سے امدادی کام انجام دیئے گیئے اسکے ساتھ ساتھ جناب عمراحمد شفیق کی نگرانی میں سیلاب کے آغاز سے ہی مقامی مجلس تعمیر ملت مصری گنج' ستار باغ' کی جانب سے عثمان باغ' کالا پتھر' حسن نگر' شاہین نگر' فلک نما' وٹے پلی' تالاب کٹہ' مدینہ نگر' حافظ بابانگر' فلک نما' جہا نما' وٹے پلی' بلاپور' بھاونی نگر' عیدی بازار' میں لاکھوں روپیہ کے امدادی کام کئے گئے۔ان کاموں میں جناب محمد شہاب الدین' جناب محمد صلاح الدین' جناب محمد معاذ احمد شفیق' جناب سید حامد' جناب محمد توصیف احمد' جناب محمد مصیب احمد شفیق' جناب رفیع الدین' جناب محمد عارف دیگر کارکنان مقامی مجالس نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔مقامی مجلس تعمیر ملت جاوید نگر' مدینہ نگر' کی جانب سے جناب محمد علی سلیم' جناب عباس حسین جنیدی اراکین شوریٰ کی نگرانی میں مدینہ نگر' جاوید نگر تالاب کٹہ' معین باغ' اُپوکوڑہ' فتح شاہ نگر' چنے کی بھٹی یاقوت پورہ میں لاکھوں روپئے کی امداد اورفوڈ کیٹس برتن اور کپڑے تقسیم کئے گئے۔انہی محلّہ جات میں جناب محمد ضیاء الدین نیر نائب صدر تنظیم (موجودہ صدر تنظیم) کی نمائندگی پر بابو خان ٹرسٹ کے ذریعہ جن اصحاب کا کاروبار سیلاب نظر ہوگیا ان میں (13,800.00) روپئے کی امداد تقسیم کی گئی۔جناب شیخ رضوان' جناب محمد حسین علیم' جناب محسن عظیم' جناب اسلم' جناب سید واجد احمد نے ریلیف کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔جناب محمد عبید الرحیم قریشی' جناب محمد سیف الرحیم قریشی ارکنان شوریٰ تعمیر ملت کی نگرانی میں جناب سید ایوب حسینی صاحب کے تعاون سے مقامی مجلس نامپلی آل الجبل کالونی' عثمان نگر' حبیب نگر' افضل ساگر' اور حافظ بابا نگر میں کپڑے راشن کیٹس اور چائلٹ فوڈس تقسیم کئے گئے۔جناب شیخ عرفان علی رکن شوری تعمیر ملت کی نگرانی میں مقطد مدار میں ریلیف کا کام انجام دیا گیا۔جناب عبدالجلیل طارق رکن شوری تعمیر ملت جانکی نگر کی نگرانی میں ٹولی چوکی' کشن باغ' مہدی پٹنم' عیدی بازار' عثمان باغ' ملک پیٹ میں فوڈس کیٹس' کپڑے اور نقد رقم تقسیم کی گئی۔جناب خواجہ فرید شرفی رکن شوری وجئے نگر کالونی کی نگرانی میں شہر کے مختلف علاقوں تلنگانہ کے بعض اضلاع میں ریلیف کا کام انجام دیا گیا۔جناب محمد معزالدین رکن شوریٰ تعمیر ملت علی نگر کی نگرانی میں فلک نما' جہانما میں امدادی کام انجام دیئے گئے۔حسن نگر میں عمراحمد شفیق معتمد عمومی تنظیم کے تعاون سے جناب محمد پاشاہ صدر مقامی مجلس حسن نگر کی نگرانی میں کپڑے' فوڈ کٹس اور دیگر ضروریات زندگی کا سامان تقسیم کیا گیا ہے۔جناب محمد مجیب' جناب محمد ایوب' جناب محمد سمیر' جناب خواجہ' جناب محمد فرحان نے سروئے کیا اور دوسو (۲۰۰) خاندانوں میں سامان کی تقسیم عمل میں لائی گئی۔عمراحمد شفیق معتمد عمومی تنظیم' جناب محمد علی سلیم مرکزی رکن عاملہ تعمیر ملت کے تعاون سے راجیو گاندھی نگر پہاڑی شریف میں (٦٠٠) چھ سو خاندانوں میں برتن' کپڑے اور اناج کی تقسیم کی گئی۔اس کی نگرانی جناب سید خورشید احمد چشتی صدر مقامی مجلس راجیو گاندھی نگر نے کی۔ان امدادی کاموں میں جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر تنظیم' جناب ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب نائب صدر تنظیم' جناب محمد وہاج صدیقی صاحب' جناب مرزا یوسف بیگ صاحب' نے حصہ لیا اور تقسیم ریلیف کے پروگراموں میں شرکت کی۔

ان امدادی کاموں میں جناب ایم اے عظیم قریشی' جناب ڈاکٹر محمد متین الدین قادری' جناب سید فائق احمد' جناب حفیظ محی الدین سمیر' جناب صفی احمد خان' جناب مکرم علی ارشد' جناب خواجہ جلال الدین والیس' جناب محمد عابد' جناب عبدالمنان' جناب محمد عبدالمجید' کے

علاوہ ایس ڈی آئی ایف، ایکسس فاونڈ ویشن، حیدرآباد یلفیر اسوسیشین، عروج سوسائٹی کا تعاون حاصل رہا۔

**خلیل اللہ حسینی میموریل لکچر:** بانی تنظیم جناب سید خلیل اللہ حسینیؒ کے نام سے ۱۵ سال قبل وقت کے چیلنجس اور قوم ملت کے اہم اور بنیادی پہلوں کو لیکر سید خلیل اللہ حسینی میموریل لکچر کا آغاز کیا گیا تھا۔ ۱۵ سال سے مختلف دانشور اعلماء اکرم قائدین نے عالمی، ملکی، سماجی معاشی قانونی عنوانات کے تحت لکچرس دیئے ان لکچرس کو دینے والوں میں قابل ذکر عالی جناب محمد عبدالرحیم قریشی صاحب سابقہ صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت، واسسٹنٹ جنرل سکریٹری آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ، پروفیسر اے آر مومن صاحب سابقہ صدر شعبہ عمرانیات، بمبئی یونیورسٹی، پروفیسر مولانا محمد سعود عالم صاحب صدر شعبہ دینیات علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، پروفیسر محمد انور معظم صاحب سابقہ شعبہ اسلامک اسٹڈیز، جامعہ عثمانیہ، مولانا خالد سیف اللہ رحمانی صاحب ناظم اعلیٰ معہد العالی اسلامی حیدرآباد، مولانا نسیم اختر ندوی صاحب اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامیات مولانا آزاد نیشنل یونیورسٹی حیدرآباد، ڈاکٹر احمد اللہ خاں صاحب سابق ڈین شعبہ قانون جامعہ عثمانیہ، ڈاکٹر اشتیاق دانش صاحب صدر شعبہ اسلامک پولٹیکل سائنس، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، سید سعادت اللہ حسینی صاحب جماعت اسلامی ہند، پروفیسر عامر اللہ خاں صاحب ماہر معاشیات، پروفیسر امتھا بھ کنڈ و سابق ڈین سوشل سائنس جوہر لال نہرو یونیورسٹی صدر نشین سچر تجزیہ کمیشن ہے۔

**۱۵ واں سید خلیل اللہ حسینی لکچر** بتاریخ: ۶/فبروری ۲۰۲۱ء بمقام ڈاکٹر حیدر خان کنونشن ہال ملک پیٹ بعنوان ''دستور بحثیت کنٹراکٹ اور اس کے اثرات ومضمرات'' منعقد ہوا۔ اس لکچر کے لئے شہر کے مشہور ومعروف ایڈوکیٹ جناب شفیق مہاجر صاحب کو مدعو کیا گیا تھا۔ بحثیت مہمان جناب پروفیسر عامر اللہ خان صاحب ''تعلیم ہندوستانی نوجوانوں کیلئے نئے چیلنج اور موقع'' کے عنوان پر مخاطب کیا۔ اس لکچر کی صدارت جناب سید جلیل احمد صاحب ایڈوکیٹ صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت نے کی کارگذار معتمد عمومی جناب ڈاکٹر یوسف حامدی صاحب نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**اجلاس شوریٰ** ۱۴/ نومبر ۲۰۲۰ء کو کل ہند مجلس تعمیر ملت کی مرکزی مجلس شوریٰ کا ہنگامی اجلاس حیدرآباد میں جناب سید جلیل احمد صاحب ایڈوکیٹ صدر تنظیم کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں تنظیمی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل پر غور وفکر کیا گیا اس اجلاس میں تلنگانہ، کرناٹک اور مہاراشٹرا کے ارکان شوریٰ نے شرکت کی۔

11/اپریل 2021 بروز اتوار کو کل ہند مجلس تعمیر ملت کے اراکین شوریٰ کا اجلاس جناب عزیز اللہ سرمست رکن شوریٰ گلبرگہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس شوریٰ میں جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب کو دو سالہ معیاد کے لے صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت بلا مقابلہ منتخب کیا گیا۔ جسکا اعلان جناب محمد معین الزماں صاحب الیکشن آفیسر نے کیا صدر تنظیم نے اپنی مخاطبت میں جناب ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب کو نائب صدر، جناب عمر احمد شفیق کو معتمد عمومی، جناب محمد سیف الرحیم قریشی، کو نائب معتمد عمومی، جناب محمد معین الزماں کو بحثیت خازن نامزد کیا اجلاس کی کاروائی کنوینر اجلاس شوریٰ عمر احمد شفیق نے چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**رمضان المبارک میں تنظیم کی کارکردگی:** 25.18 اپریل 2 اور 9 مئی کو چار قرآنی مذاکرہ کرونا کی وجہہ سے زوم آئپ پر جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر تنظیم کی صدارت میں منعقد ہوئے۔ ان قرآنی مذاکرات کو مولانا وسیم الحق قاسمی، مولانا ڈاکٹر ذوالفقار محی الدین صاحب، قاری عبدالمنان صاحب، مولانا مفتی الیاس ہاشمی ندوی صاحب، مولانا رئیس الدین نظامی صاحب، مولانا ڈاکٹر عبدالمجید

صدیقی صاحب، مولانا مفتی الیاس صاحب، مولانا حسین محمد نقشبندی صاحب، مولانا محمد زعیم الدین حسامی صاحب، جناب محمد متین الدین قادری صاحب، ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب، عمر احمد شفیق معتمد عمومی، جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد عمومی، نے مخاطب کرنے کی سعادت حاصل کی۔ ان پروگرامس کے کنوینر محمد سیف الرحیم قریشی صاحب تھے۔

**مستحق معذورین، بیوہ اور یتیموں میں امداد کی تقسیم** ہر سال کی طرح سال بھی تنظیم کی جانب سے 175 معذرین بیوہ اور یتیموں میں امداد تقسیم کی گئی اس کام کی نگرانی جناب محمد معین الزماں صاحب خازن تنظیم نے کی جناب محمد علی سلیم، جناب محمد اقبال، جناب محمد محمود، جناب محمد شہاب الدین نے تعاون کیا۔

**تقسیم راشن کٹس:** تنظیم کی جانب سے ماہ رمضان کی مناسبت سے بوئن پلی، میں جناب خواجہ قطب الدین صاحب، راجیو گاندھی نگر، پہاڑی شریف میں جناب سید خورشید احمد چشتی صاحب، حسن نگر میں جناب محمد پاشاہ صاحب جاوید نگر، مدینہ نگر میں جناب محمد علی سلیم صاحب معین باغ میں جناب سید واجد علی صاحب نصیب نگر، جناب سید حامد صاحب و محمد عارف صاحب، حافظ بابانگر میں جناب محمد شہاب الدین صاحب مصری گنج کالا پتھر میں جناب محمد معاذ عمر شفیق صاحب کی نگرانی میں غرباء و یتیموں میں اور مولاعلی میں جناب محمد معین الزماں صاحب، جناب محمد شکیل الزاماں صاحب کی نگرانی میں امام و موذینین میں راشن کٹس تقسیم کئے گئے ان تمام کاموں کی نگرانی عمر احمد شفیق معتمد عمومی نے کی۔

**مقامی مجالس کی کارکردگی:** رمضان المبارک میں 28/ اپریل کو مقامی مجلس پھسلبنڈہ کی جانب سے عظمت قرآن جلسہ کا انعقاد عمل میں آیا۔ اس جلسہ کی کاروائی محمد شہاب الدین نے چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ 30/ اپریل کو 33واں جلسہ غزوہ بدر حسب سالہائے گذشتہ مقامی مجلس مدینہ نگر و جاوید نگر کی جانب سے منعقد کیا گیا۔ اس جلسہ کی کاروائی محمد علی سلیم صاحب نے چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ 11 واں فتح مکہ مقامی مجلس مصری گنج کی جانب سے 3/ مئی کو منعقد ہوا۔ کنوینر سید حامد نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ 6/ مئی کو جلسہ یوم القران مقامی مجلس ناملی کی جانب سے منعقد ہوا۔ جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ ان تمام جلسوں کی صدارت جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر تنظیم نے کی۔ جناب ڈاکٹر محمد متین الدین قادری صاحب، جناب عمر احمد شفیق معتمد عمومی، جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاب نائب معتمد عمومی نے مخاطب کیا۔ یہ تمام پروگرامس زوم آیپ پر منعقد ہوئے۔ 2/ مئی کو جلسہ یوم القران مولاعلی میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ کی صدارت عمر احمد شفیق صاحب معتمد عمومی نے کی۔ جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد عمومی نے مخاطب کیا جناب محمد معین الزماں صاحب نے شکریہ ادا کیا۔

**تقسیم عیدالفطر کٹس و فروٹ:** مقامی مجلس مصری گنج کی جانب سے بہ تعاون حیدرآباد ویلفیر ایسویشن عید سے دو دن قبل شاہین نگر، جی ایم نگر، کاروان، حسن نگر میں 500 اصحاب میں راشن کی تقسیم اور افطار کے لیے فروٹس کی تقسیم عمل میں لائی گئی۔ ان کٹس کی تقسیم عمر احمد شفیق معتمد عمومی تعمیر ملت، جناب محمد شہاب الدین، جناب شفیق احمد، جناب محمد صلاح الدین نے کی۔

**اساتذہ میں راشن کٹس کی تقسیم:** مقامی مجلس مدینہ نگر کی جانب سے خانگی اسکول اساتذہ میں 80/ راشن کٹس تقسیم کئے گئے راشن کٹس کی تقسیم جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد عمومی، جناب محمد علی سلیم صاحب، جناب عباس حسین جنیدی صاحب، ارکان شوریٰ تعمیر ملت نے کی

**کویڈ میں تنظیم کی کارکردگی:** تنظیم کی جانب سے 31/ مئی یکم اپریل دو دن پرانے شہر اور نئے شہر میں آٹوس کے ذریعہ موبائیل تشہیر کرتے ہوئے عوام کو احتیاطی تدابیر سے واقف کروایا گیا۔ الحمدللہ جس کا بہت اچھا اثر خاص کر گنجان آبادیوں میں ہوا۔ اسی طرح شہر کے مختلف مساجد کے سامنے پلے کارڈس کے ذریعہ عوام کو احتیاتی تدابیر سے واقف کروایا گیا اور صدر تنظیم نسواں محترمہ انیس عائشہ صاحبہ اور ایکسیس فانڈیشن کے تعاون سے 20 ہزار ماسک شہر کے غریب بستیوں اور مساجد میں تقسیم کے گئے ایکسیس فانڈیشن اور صدر صاحبہ تنظیم نسواں کے ہی تعاون سے وہ غریب اصحاب وخواتین جو کویڈ کی وجہہ سے شہید ہوئے ان کے ورثا میں 5 ہزار سے لیکر 15 ہزار روپئے تک امدا تنظیم کے ذریعہ پہچائی گئی معاشی پسماندہ خاندان جو کویڈ سے متاثر ہوئے ان میں تنظیم کی جانب سے راشن کیٹس بھی تقسیم کئے گئے کویڈ کے مریضوں کی مدد کے لئے واٹس آپ پر ایک گروپ بنایا گیا تھا جسکے ذریعہ ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب' ڈاکٹر اقبال جاوید صاحب' ڈاکٹر محمد عبدالنعیم صاحب' محترمہ انیس عائشہ صاحبہ جناب مجاہد سکندر صاحب اور معتمد عمومی عمر احمد شفیق نے سکڑوں متاثرین میں ضروری ادویات آکسیجن سلینڈرس مختلف دواخانوں میں پہنچانے کے لئے تعاون کیا جسکا شہر میں بہت اچھا اثر ہوا اور مستحقین کو مدد ملی۔

**نیشنل سمینار:** کویڈ کے مسائل اور اسکے بعد کے حالات کے پیش نظر تنظیم کی جانب سے یکم جون کو ایک نیشنل سمینار زوم آیپ پر بعنوان "کوڈ کے بعد تعلیم اور روزگار" زیر صدارت جناب محمد ضیاءالدین نیر صاحب منعقد ہوا اس سمینار میٹا سنپگیتا ایجوکشن مشیر اور اسپیکر تعلیم حکومت ہند' امیتابھ کنڈہ ترقی پزیر ممالک کیلئے تحقیق اور انفارمیشن سسٹم' جیمول انی پروفیسر اکنامکس' احمد آباد یونیورسٹی' اسامہ منظر بانی وڈائر کٹر ڈیجٹل امپارنمیٹ فاونڈیشن' جوتسنا برار سابقہ پرنسپل ویلم گرلز اسکول دہرادون' محمود صدیقی پروفیسر اینڈ رجسٹرار مولانا آزاد یونیورسٹی' سما وادہوا' اینڈین ڈیولپمنٹ فاونڈیشن' عبدالشعبان پروفیسر اسکول آف ڈیولپمینٹ اسٹڈیزی' آئی ٹی ایس ایس ممبئی' کنویز سمینار جناب عامر اللہ خان پروفیسر ایڈجینٹ نے مخاطب کیا زوم آیپ پر اس پروگرام میں سکڑوں خواتین واہل علم اصحاب نے استفادہ کیا۔

**غزہ پر حملہ کے خلاف تنظیم کا احتجاج:** رمضان کے آخری دہے میں اسرائیل کی بربریت اور غزہ پر حملہ کی صورت میں سامنے آئی ساری دنیا کے مسلمان عبادت اور غریب وغربا کے غم بانٹنے میں مصروف تھے اسلام دشمن اسرائیل نے غزہ پر حملہ کردیا تنظیم نے اسکے خلاف پہلا احتجاجی جلسہ 12/ مئی کو جناب محمد ضیاءالدین نیر صاحب کی نگرانی میں منعقد کیا اس جلسہ کو مولانا مفتی عمر عابدین صاحب' جناب اقبال احمد انجینئر' جناب انعام الرحمٰن غیور' سینئر جنرنلسٹ عمر احمد شفیق' معتمد عمومی' جناب مرزا یوسف بیگ صاحب نے مخاطب کیا۔ اس جلسہ کی کاروائی نائب معتمد تنظیم جناب محمد سیف الرحیم قریشی نے چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**عالمی احتجاجی جلسہ:** **22/ مئی بروز ہفتہ کو زوم آیپ پر عالمی احتجاجی جلسہ** جناب محمد ضیاءالدین نیر صاحب صدر تنظیم کی صدارت میں منعقد ہوا اس جلسہ میں دنیا کے مختلف ممالک سے سکڑوں اصحاب وخواتین نے شرکت کی۔ اس احتجاجی جلسہ کو پروفیسر رام پرنیا' جناب سراج وہاب ایڈیٹر عرب نیوز' سعودی عرب' جناب شاہد صدیقی صاحب ایڈیٹر نئی دنیا دہلی' جناب ابو عاصم آعظمی ایم ایل اے مہاراشٹرا' انجینئر جاوید سکندر وائس پرسڈینٹ انڈین مسلم ریلیف اینڈ چارٹس یو ایس اے' جناب محمد ادیب سابقہ ایم پی دہلی' جناب انجینئر محمد عبدالعظیم صاحب کویت' جناب سید نجیب اشرف ریسرچ اسپلیشٹ قطر' ڈی جو ہن دیال سینئر جنرلسٹ وسماجی کارکن دہرادن' جناب نوید حامد صدر آل انڈیا مسلم مجلس مشاورت جناب ڈاکٹر محمد مشاق علی صاحب نائب صدر تنظیم' جناب عمر احمد شفیق معتمد عمومی نے مخاطب کیا۔ اس

احتجاجی جلسہ میں بزم احباب جدہ سے جناب محمد فہیم‘ جناب محمود ہاشمی‘ نے حصہ لیا۔ جناب سیف الرحیم قریشی نائب معتمد عمومی نے کاروائی چلائی شکریہ ادا کیا۔

**دس روزہ تربیتی کلاسیس:** 29/ مئی تا 7 جون کارکنان تعمیر ملت کے لیے زوم آیپ پر تربیتی کلاسیس مختلف عنوان پر منعقد ہوئے۔ جناب محمد ضیاء الدین نیر صدر تنظیم نے تمام تربیتی کلاسیس کو مخاطب کیا۔ ان کلاسیس میں ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب نائب صدر تنظیم ‘جناب عمر احمد شفیق معتمد عمومی نے بھی تنظیم کا تعارف کروایا۔ ان کلاسیس کے کنونیر جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد عمومی نائب کنوینر جناب محمد علی سلیم تھے ان کلاسیس میں تلنگانہ‘ مہاراشٹرا‘ کرناٹک‘ گجرات‘ مدھیہ پردیش‘ بزم احباب سعودی عرب کے کارکنوں نے شرکت کی اور استفادہ حاصل کیا۔

**یوم تاسیس:** تنظیم کا 72 واں یوم تاسیس 15/ جون 2021ء کو صدر تنظیم کی نگرانی میں منعقد ہوا۔ اس پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے حضرت مولانا محمد حسام الدین ثانی جعفر پاشاہ امیر ملت اسلامیہ آندھراپردیش وتلنگانہ نے شرکت کی۔ اس پروگرام کو ڈاکٹر پروفیسر عامر اللہ خان بھی مخاطب کیا۔ ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب نائب صدر تنظیم نے خیر مقدم کیا عمر احمد شفیق نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**دہلی اور لکھنو میں مسلمانوں اور دلتوں کے خلاف ہونے والے قومی مظالم کے خلاف احتجاجی پروگرام**

19/ جون 2021ء کو ملک میں مختلف مقامات پر مسلمانوں اور دلتوں پر حملہ کے خلاف قومی احتجاجی پروگرام منعقد کیا گیا جسکی نگرانی صدر تنظیم جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نے کی۔ اس پروگرام کو پروفیسر سجاتا سریلی ہیڈ ڈپارٹمنٹ آف سوشالوجی ستاوہان یونیورسٹی‘ ڈاکٹر ظفر محمود صاحب سابقہ آئی اے ایس آفیسر اینڈ ممبر آف سچر کمیٹی‘ جناب نوید حامد صدر مسلم مجلس مشاورت دہلی‘ عمر احمد شفیق معتمد عمومی تنظیم‘ جناب جبار گولہ صاحب صدر تعمیر ملت گلبرگہ کرناٹک‘ جناب ذکریا مدنی صاحب صدر تعمیر ملت بیڑ مہاراشٹرا نے مخاطب کیا۔ جناب محمد علی سلیم نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**لکشدیپ میں مسلمانوں کو پریشان کرنے پر احتجاج:** لکشدیپ جو مرکزی حکومت کے تحت جزیرہ ہے جہاں کی 97% فیصد آبادی مسلمان ہے یہاں پر مرکزی حکومت نے پرفول پٹیل میہتا کو بحیثیت ایڈمنسٹریٹر نامزد کیا۔ پرفول پٹیل میہتا وہاں کی ذمہ داری حاصل کرتے ہی الکوہل‘ شراب نوشی جس پر پابندی تھی وہ ختم کردی بیف جس پر پابندی نہیں تھی۔ اس پر پابندی لگادی اور دیگر طریقوں سے مسلمانوں کو پریشان کیا جارہا ہے۔ اس پر صدر تنظیم جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نے ایک ای میل اور احتجاجی خط بتاریخ 06-06-2021 کو صدر جمہوریہ وزیر اعظم‘ ہوم منسٹر کو روانہ کیا۔ اور فوراً پرفول پٹیل کو برخواست کرنے کی مانگ کی اور مسلمانوں کو پریشان کرنے پر سخت انتباہ دیا۔

**مہم چرم قربانی وتقسیم گوشت:** اللہ کے کرم سے اور تنظیم کے کارکنوں کی سخت مہم کی وجہہ سے سال حال 2021 میں عید الضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی کی وصولی کا کام معتمد عمومی کی نگرانی میں اور جناب عبید الرحیم قریشی صاحب‘ جناب محمد علی سلیم صاحب‘ جناب سید حامد صاحب‘ جناب ملک محمد دستگیر علی خاں صاحب‘ جناب ولی الدین سکندر صاحب‘ جناب فیض صاحب جو قدیم اور جدید شہر کے ذمہ دار تھے رنگاریڈی میں جناب خواجہ قطب الدین صاحب‘ جناب شکیل الزماں ذمہ دار تھے۔ انکی اور تمام کارکنوں کی کوششوں سے سال حال

6,500 سے زائد چرم قربانی وصول کی گئی۔ جو تنظیم کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ اسی طرح غرباء میں گوشت کی تقسیم کا کام بھی عمل میں آیا۔ جو سابقہ کی طرح کوڈ کی وجہہ سے زور وشور سے نہیں ہوسکا۔ پھر بھی 8 بڑے جانور اور 21 بکروں کی قربانی کا نظم تنظیم کی طرف سے کیا گیا اسکا گوشت حسن نگر، پہاڑی شریف، برما کیمپ، بالا پور، حافظ بابا نگر، شاہین نگر، تالاب کٹہ میں تقسیم کیا گیا محمد عارف، سید حامد ارکان شوریٰ تعمیر ملت اور محمد شہاب الدین نے جانور کی خریدی اور گوشت کی تقسیم کی ذمہ داری بہ خوبی انجام دی۔

**اجلاس مرکزی مجلس عاملہ:** 7 اور 8 اگسٹ 2021ء کو مرکزی مجلس عاملہ کا اجلاس زیر صدارت عالی جناب محمد ضیاء الدین نیر صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں عمر احمد شفیق معتمد عمومی تعمیر ملت نے کارکردگی کی رپورٹ پیش کی۔ جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر تنظیم نے خطبہ صدارت پیش کیا۔ جناب محمد معین الزماں صاحب خازن تنظیم نے سابقہ کی رپورٹ پیش کی۔ عالمی اور ملکی حالت پر لائحہ عمل سیر حاصل گفتگو کی گئی ان نکات پر تنظیم کے لئے لائحہ عمل ترتیب دیا گیا۔

**اسٹڈی سرکل:** کافی عرصہ سے تنظیم کی جانب سے چلائے جانے والا اسٹڈی سرکل کے سمپوزیم اور دیگر پروگرامس بند تھے۔ صدر تنظیم کی دلچسپی کی وجہہ سے ماہ شوال سے اسٹڈی سرکل کے محافل کا آغاز کیا گیا۔ جو ہر اتوار کو مختلف عنوانات پر صدر تنظیم کی صدارت میں گلشن خلیل میں منعقد کئے جارہے۔ صدر تنظیم نے اسٹڈی سرکل کا کنوینر جناب محمد معز الدین صاحب کو نامزد کیا۔ جو اپنی ذمہ داری بحسن خوبی انجام دے رہے ہیں۔

**تنظیمی دورہ:** ۲/اپریل ۲۰۲۱ء جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نائب صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت، جناب عمر احمد شفیق رکن شوریٰ نے ایک روزہ گلبرکہ دورہ کیا وہاں کے تنظیم کے ذمہ داروں سے ملاقات کی تنظیم کی کارکردگی سے واقفیت حاصل کی۔ دو پہر 2 بجے بہمنی فاونڈیشن قلعہ گلبرگہ کی جانب سے گولڈن بڈس ہائی اسکول میں طلبا و طالبات کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس کو نائب صدر تنظیم اور عمر احمد شفیق نے مخاطب کیا۔ اسی رات میں نوجوان ملت گلبرگہ کی جانب سے مغل گارڈن فنکشن ہال گلبرگہ میں اعظیم الشان جلسہ عظمت قرآن وحالت حاضر منعقد ہوا۔ اس جلسہ کی صدارت جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نائب صدر تنظیم نے کی عمر احمد شفیق رکن شوریٰ تعمیر ملت مہمان خصوصی کی حیثیت سے مخاطب کیا۔

انتخابات کے ساتھ ہی کوڈ کی وجہہ سے سارے ملک میں لاک ڈاؤن لگ گیا تھا۔ لاک ڈاؤن میں نرمی آتے ہی صدر تنظیم نے دورہ کا پروگرام ترتیب دیتے ہوئے پہلے دورہ پر معتمد عمومی کو مہاراشٹرا روانہ کیا۔ یہاں پر نائب صدر تنظیم جناب معید حشر صاحب کی نگرانی میں تمام مہاراشٹرا کے شاخوں کا ایک اجلاس اورنگ آباد میں منعقد کیا گیا اور اس اجلاس میں تنظیم کی کارکردگی اور مہاراشٹرا میں اسکے پھیلاو پر گفتگو کی گئی۔ اور آگے کے لیے لائحہ عمل ترتیب دیتے ہوئے فوراً نئے اضلاع میں شاخوں کا قیام اور رکنیت سازی کے کام کا آغاز کیے جانے پر تمام ارکان نے رضامندی ظاہر کی اور مقامی مجالس کے تحت جلسہ یوم رحمتہ للعلمین بھی منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ معتمد عمومی نے نائب صدر تنظیم کے ساتھ بیڑ امباجوگائی اور پربھنی کا بھی دورہ کیا اور وہاں پر گروپ میٹنگس اور عہدداروں کا اجلاس منعقد ہوا اور یہاں کے کام سے واقفیت حاصل کی اور زور دیا کے نوجوانوں کو زیادہ سے زیادہ تنظیم میں شامل کیا جائے اس دورہ میں مسلم اسٹوڈینٹ یوتھ آرگنائیشن کے ممبر محمد شہاب الدین ساتھ تھے اس موقعہ پر اورنگ آباد میں تنظیم نسواں کا ایک پروگرام بھی منعقد کیا گیا جس کو عمر احمد شفیق معتمد

عمومی نے مخاطب کیااورنگ آباد میں جناب معید حشر صاحب نائب صدر تنظیم کی سرپرستی میں تنظیم نسواں کا کام بھی کافی تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔

۱۹/ ستمبر ۲۰۲۱ء کوناانڈیر میں سقوط حیدرآباد کے عنوان پرایک جلسہ عام منعقد ہوا۔جس جلسہ کومخاطب کرنے کے لئے تنظیم کے معتمد عمومی عمراحمد شفیق کومدعو کیا انھوں نے شرکت کی اور مخاطب کیا۔

**حکومت کے اداروں میں تنظیم کی نمائندگی:** لاک ڈاؤن ودیگر کئی مسائل پر حکومت اور پولیس کی جانب سے مختلف مشاوراتی اجلاس طلب کیے جاتے ہیں اوراس میں تنظیم کے نمائندوں کو بھی مدعو کیا جاتا ہے۔ان اجلاسوں میں بھی صدر تنظیم جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب، معتمد عمومی عمراحمد شفیق نے تنظیم کی جانب سے نمائندگی کی خاص کر کمشنر آف سٹی پولیس سے آفس میں وسیم رضوی کی قرآن پاک کے بارے میں گستاخی کے خلاف صدر تنظیم نے راست طور پر ملاقات کر کے میمورنڈیم پیش کیا۔

**راجستھان میں تبلیغی کام:** ۱۹۸۲ء میں جب یہ اطلاع ملی کہ راجستھان میں وشواہندو پریشد کی کوششوں سے کئی دیہات میں اتدادکی لہر چل پڑی ہے۔بانی تنظیم سید خلیل اللہ حسینیؒ نے ایک ٹیم کو روانہ کیا جس نے صورتحال پر رپورٹ دی اس رپورٹ کی روشنی میں ۴۰ مکاتب قائم کئے گئے اور میوات کے علاقے کے معلمین کو مدارس کی ذمہ داری دی گئی اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہمدردان ملت اسلامیہ کے تعاون سے نہ صرف ان دیہات میں ارتداد کی لہرکو روکا گیا بلکہ بعض گاؤں کا دورہ کرنے سے یہ تو اندازہ بھی نہیں ہوتا کہ کبھی یہاتوں بھی کئی لوگ مرتد ہوئے تھے۔مالی وسائل کی کمی کی وجہہ سے یہ تعداد ۱۹ مدارس تک گھٹ گئی ہے۔ان مدارس کے نگران حافظ مولوی محمد بشیر احمد صاحب ہیں۔مزید دیہاتوں میں جہاں ہمارے مدارس نہیں ہیں وہاں راجپوت قبائل جن کے اباء واجداد ایک زمانے قبل اسلام قبول کئے تھے بنیادی اسلامی تعلیمات سے واقف نہیں ہے ان دیہات میں بھی مدارس کے قیام کی ضرورت ہے لیکن مالی وسائل کی کمی کی وجہ سے ہم مزید دینی مدارس قائم کرنے کے موقف میں نہیں ہیں۔اگر آپ دعوت اسلام کے جذبہ کے ساتھ اپنادست تعاون دراز کریں اور ایک معلم کے مشاہرہ کی ذمہ داری قبول کریں تو ہر ایک گاؤں میں ایک ایک مدرسہ قائم ہوسکتا ہے۔اور مستقبل میں ارتداد کے خطرہ سے ان بھائیوں کو بچایا جاسکتا ہے۔

**فاتحہ خوانی وپیشکش چادرگل قائد ملت نواب بہادر یار جنگ:** قائد ملت نواب بہادر یار جنگ کی 76 ویں سالانہ فاتحہ کے موقع پر ۴/ رجب المرجب کو جناب ڈاکٹر یوسف حامدی صاحب کارگذار معتمد عمومی کی نگرانی میں ایک وفد حظیرہ مشیرآباد پہنچکر۔ چادرگل پیشکش اور فاتحہ خوانی کی۔

**قائد محترم بانی تنظیم عالیجناب سید خلیل اللہ حسینیؒ:** کی سالانہ فاتحہ خوانی ۹/ جمادالثانی کو مسجد یکمینا رنا مپلی میں جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر تنظیم کی نگرانی میں منعقد ہوئیں۔فاتحہ خوانی کے بعد مرحوم قائد کی مزار پر چادرگل پیش کی گئی۔

**سقوط حیدرآباد:** سقوط حیدرآباد اور تعمیر ملت کا گہرا رشتہ ہے سقوط حیدرآباد کے ظلم وبربریت کے بعد ہی کل ہند مجلس تعمیر ملت کا قیام عمل میں آیا۔1948ء میں فوج کشی کے ذریعہ حیدرآباد نظام حکومت کو ختم کرکے ہندوستان میں ریاست حیدرآباد دکن کو ضم کرلیا گیا۔ صرف ریاست حیدرآباد ضم نہیں ہوئی بلکہ خاص کر مسلمانوں پر جو مظالم ہوئے وہ ایک ایک تاریخ ہے ہر سال ماہ ستمبر میں تنظیم کی جانب سے

حقیقی تاریخ کو نئی نسل کے سامنے لانے کے لئے سقوط حیدرآباد پر جلسہ منعقد کیا جاتا ہے۔۱۶/ستمبر۲۰۲۱ء بروز جمعرات کو اردو مسکن خلوت حیدرآباد میں ایک جلسہ عام زیر صدارت عالی جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب صدر کل ہند مجلس تعمیر ملت منعقد ہوا۔ اس جلسہ کو مشہور ومعروف تاریخ داں ڈاکٹر پانڈورنگا ریڈی‘ جناب عمر احمد شفیق صاحب معتمد عمومی تعمیر ملت‘ جناب عزیز پاشاہ صاحب سابقہ ممبر آف پارلیمنٹ راجیہ سبھا‘ جناب ایم اے ماجد صاحب سینئر صحافی‘ جناب انعام الرحمٰن غیور صاحب‘ سینئر صحافی‘ جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد عمومی تعمیر ملت نے مخاطب کیا۔ جناب محمد معز الدین کنوینر نے جلسہ کی کارروئی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔

**تعلیمی مقابلہ جات:** یوم رحمتہ للعالمینؐ کے ضمن میں 1951ء سے ہر سال طلباء وطالبات واصحاب وخواتین کیلئے مختلف تعلیمی مقابلہ جات کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ حسب سال ہائے گذشتہ سال حال بھی تقریری‘ تحریری‘ ’سیرت طیبہ کوئیز اور قرأت کلام پاک کے مقابلہ جات وسیع پیمانہ پر انشاءاللہ عمل میں آئی گے۔ اس اہتمام ومساعی جمیلہ کے اغراض ومقاصد میں نئی نسل کو قرآن‘ صاحب قرآن محسن انسانیت سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہؐ شریعت محمدیؐ اور صحابہ کرامؓ وصحابیاتؓ کی مقدس وبابرکت سیرت مبارکہ ان کے بے مثل خدمات اور تاریخ اسلام سے واقف کروانا ذہن سازی کے ساتھ ساتھ زندگیوں میں بہ لحاظ شرعی احکامات ان میں تعمیری تبدیلی لانا اور نئی نسل کی صلاحیتوں کو ابھارنا اور بروئے کار لانا ہے۔ نئی نسل میں تحریری‘ تقریری اور گفت وشنید کی مخفی صلاحیتوں کو ابھارنا۔ دین حنیف کے اصولوں اور احکامات کے تحت فی زمانہ چیالنجس کو قبول کرتے ہوئے ان کا مقابلہ کرنے کا حوصلہ اور ہمت پیدا کرنا مقصد ہے۔ ہر مقابلہ سے متعلق مختصراً اصول وضوابطہ کے علاوہ عنوانات اور نظام العمل بھی دیا جاتا ہے۔ یہ مقابلے طلباء وطالبات اور اصحاب وخواتین کیلئے علیحدہ علیحدہ منعقد ہوتے ہیں اسی طرح تمام انعام یافتگان میں نقد انعامات واسنادات بھی علیحدہ علیحدہ دیئے جاتے ہیں۔۲۱/ا گسٹ ۲۰۲۱ء کو طالبات وخواتین کے لئے مقابلہ قرآت ۲۲/ا گسٹ ۲۰۲۱ء کو طلبا ومرد اصحاب کے لیے مقابلہ اُردو گھر مغلپورہ میں منعقد ہوئے۔ ان مقابلوں میں قرأ کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس طرح ماہ ستمبر میں تقریری‘ تحریری‘ مضمون نویسی‘ سیرت طیبہ کوئیزؐ ‘مسلم وغیر مسلم طلبا کی منعقد ہونے والے تھے مگر کوئیڈ اور شہر میں شدید بارش کی وجہہ سے ان مقابلوں کو ملتوی کرکے آگے بڑھادیا گیا۔ جلسہ یوم رحمتہ للعلمینؐ کے بعد نیا پرگرام مرتب کرتے ہوئے تشہیر کی جایئے گی۔

**محافل سیرتؐ :** یوم رحمتہ للعلمینؐ یوم صحابہؓ سے ایک ماہ قبل سے ہی شمع محمدیؐ کے پروانوں میں حب نبیؐ کو طاقتور کرنے اور نبی انقلاب کی زندگی کے تمام کوششوں کو سامنے لانے کے لیے محافل سیرتؐ منعقد کئے جاتے ہے ان محافل سیرتؐ کو علماء کرام دانشوار اصحاب اہل علم اصحاب مخاطب کرنے کی سعادات حاصل کرتے ہے۔ سال حال چھ محافل سیرت منعقد کئے گئے چار محافل گلشن خلیل تالاب ماں نصاحبہ میں دو محافلؐ اُردو گھر مغلپورہ میں یہ محافل ۲۱/۲۶ ستمبر، ۳ اور ۱۰ اکٹوبر کو منعقد ہوئے ان محافلؐ کو تلاوت کلام پاک: قاری محمد سلیمان صاحب نعت شریف: شاہنواز ہاشمی صاحب مولانا فصیح الدین نظامی صاحب ’’ ولادت سے بعثت تک ‘‘ مفتی قاسم صدیقی تسخیر صاحب ’’عصر حاضر میں سیرتؐ کا پیغام‘‘ جناب محمد وہاج الدین صدیقی صاحب ’’رسول کریمؐ کی اخلاقی تعلیمات‘‘ ﴿ دوسری محفل سیرت النبیؐ ﴾ تلاوت کلام پاک: حافظ وقاری مفسر حسین صاحب نعت شریف: حافظ وقاری ملک محمد اسمٰعیل علی خان صاحب مولانا راشد نسیم ندوی صاحب ’’ حیات نبیؐ کے ہر پہلو میں توحید کی عکاسی‘‘ مولانا عمر عابدین صاحب ’’ رسول کریمؐ کا مکی دور ‘‘ جناب عمر احمد شفیق صاحب

معتمد عمومی تعمیر ملت ''غزوہ بدر۔ تاریخ اسلام کا ایک اہم موڑ'' ﴿ تیسری محفل سیرت النبیؐ ﴾ تلاوت کلام پاک: حافظ وقاری محمد نوید نعمانی صاحب نعت شریف: محمد صادق صاحب پروفیسر محمد عبدالمجید صاحب ''حضرت محمدؐ مصطفیٰ رحمت للعٰلمین ہیں'' ڈاکٹر اسلام الدین مجاہد صاحب ''نبی کریمؐ کی سیرت میں استقامت کا پہلو'' مفتی محمد حنیف قادری صاحب ''قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کردے'' جناب مرزا یوسف بیگ صاحب ''صلح حدیبیہ۔ فتح مکہ کی پہلی منزل'' ﴿ چوتھی محفل سیرت النبیؐ ﴾ تلاوت کلام پاک: حافظ وقاری محمد سمیر صاحب نعت شریف: شاہنواز ہاشمی صاحب مولانا ڈاکٹر عمادالدین قادری صاحب ''رسول کریمؐ سے ہمارے تعلق کی بنیادیں'' مولانا سید شاہ ہمنا اللہ علوی صاحب ''معجزاتِ رسول کریم ﷺ'' جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب نائب معتمد تعمیر ملت ''فتح مکہ'' ﴿ پانچویں محفل سیرت النبیؐ ﴾ تلاوت کلام پاک: حافظ وقاری محمد زبیر نعمانی صاحب نعت شریف: سید باقر حسین صاحب' مولانا محمد لطیف احمد صاحب ''نبی کریمؐ کی ازدواجی زندگی'' مولانا محمد زعیم الدین حسامی صاحب ''واقعہ معراج۔ ایک عظیم معجزہ'' جناب عمر احمد شفیق صاحب معتمد عمومی تعمیر ملت ''عشقِ نبیؐ کے تقاضے ﴿ چھٹی محفل سیرت النبیؐ ﴾ تلاوت کلام پاک: قاری محمد سلیمان صاحب نعت شریف: سید باقر حسین صاحب مقررین: ڈاکٹر اقبال احمد انجینئر صاحب'' تبلیغ اسلام اور صحابہ کرامؓ'' مفتی نیر اعظم اشرفی صاحب ''ایمانیات میں عقیدہ رسالت کی اہمیت'' حافظ حسین محمد نقشبندی صاحب'' اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ'' نے مخاطب کیا۔ جناب محمد معز الدین معتمد محافل سیرتؐ جناب ڈاکٹر غلام کرمانی نے کاروائی چلائی اور شکریہ ادا کیا۔ ان محافل سیرتؐ سے سینکڑوں اصحاب نے استفادہ حاصل کیا۔

**انتظامی کمیٹی مساجد کے ساتھ تعاون:** کل ہند مجلس تعمیر ملت کی جانب سے شہر حیدرآباد ورنگاریڈی میں مختلف مساجد کے ساتھ تعاون کیا جاتا ہے۔ خاص کر جناب محمد معین الزماں صاحب خازن تنظیمؒ کی نگرانی میں رنگاریڈی کی سات مساجد کے انتظامات اور الحمدللہ یہاں صباحی وشام میں جزوقتی دینی مدارس کا بھی اہتمام ہے جس سے سینکڑوں طلبا طالبات بنیادی دینی تعلیم حاصل کررہے ہیں۔

**گلشن اطفال** : مرحوم قائد سابقہ صدر تنظیم جناب محمد عبدالرحیم قریشی صاحب نے یتیم اور غریب بچوں کے لئے مولاعلی میں گلشن اطفال کا قیام عمل میں لایا۔ یہاں پر 40 بچوں کے قیام وطعام کا انتظام ہے۔ ان طلبا کو انگریزی میڈیم اسکول سینٹ پال میں تعلیم دلائی جاتی ہے۔ بچوں کے لئے دینی تعلیم اور کھیل کود کے بھی معقول انتظام ہے مگر کوویڈ ۱۹ کی وجہہ سے تمام اسکول اور ہاسٹلس بند کردیئے گئے تھے اس لئے گلشن اطفال بھی فی الحال بند ہے انشاء اللہ بہت جلد اسکا دوبارہ آغاز کیا جائے گا۔

خلیل اللہ حسینی ودیگر اسکالرشپ: کل ہند مجلس تعمیر ملت کی جانب سے سینکڑوں طلبا وطالبات کو اسکالرشپ دی جاتی ہے۔ ساتویں سے دسویں جماعت تک سید خلیل اللہ حسینیؒ اسکالرشپ تین سال کے لئے دی جاتی ہے۔ اسکے بعد تعمیر ملت اسکالرشپ کے تحت گریجویشن تک اسکالرشپ دی جاتی ہے۔ مگر افسوس کہ حکومت کی جانب سے کوویڈ ۱۹ کی وجہہ سے تمام تعلیمی ادارے بند تھے۔ اسکی وجہہ سے یہ اسکالرشپ بھی رکی ہوئی ہے۔ انشاءاللہ اس اسکول کالجس کھولیں جانے کے بعد یہ سلسلہ جاری رہے گا۔

**تنظیم نسواں:** شہر حیدرآباد میں بھی تنظیم نسواں محترمہ انیس عائشہ صاحبہ کی صدارت میں کارکرد ہے کویڈ کے دوران صدر تنظیم نسواں کافی متحرک رہی اور انھوں نے کویڈ کے مریضوں کی ہر طرح سے خدمت انجام دی۔ ماہ رمضان المبارک میں تنظیم نسواں کی جانب سے دو قرانی مذاکرات 20/ اپریل اور 27/ اپریل کو محترمہ انیس عائشہ صاحبہ صدر تنظیم نسواں کی صدارت میں منعقد ہوئے ان قرآنی

مذاکرات کومحترمہ سیدہ عقیلہ خاموشی صاحبہ، محترمہ اصغر صدیقہ صاحبہ نے مخاطب کیا۔ 4/ اگست کو جلسہ یادا ابراہیم خلیل اللہ ؑ صدر تنظیم نسواں کی صدارت میں منعقد کیا گیا۔ اس جلسہ کو ڈاکٹر جوہر جہاں صاحبہ معتمد تنظیم نسواں، محترمہ سیدہ ظہورہ فاطمہ صاحبہ، محترمہ اصغر صدیقہ صاحبہ نے مخاطب کیا۔ ان پروگرامس سے سیکڑوں خواتین نے استفادہ حاصل کیا۔

**دیگر جماعتوں کے ساتھ اشتراک وتعاون:** تنظیم ملی مسائل اور حکومت کی دیگر فرقہ پسند جماعتوں کے خلاف دیگر جماعتوں کے ساتھ بھی اتحاد کرتی ہے مشترکہ پروگرامس میں شرکت کر کے قوم ملت کے لائحہ عمل بنانے اور احتجاج کرنے میں آگے رہتی ہے۔ آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ، ملی کونسل، مسلم مجلس مشاورت، یونائیڈ مسلم فورم اور مسلم مجلس عمل میں تنظیم کے صدر جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نائب صدر ڈاکٹر مشتاق علی صاحب، معتمد عمومی عمر احمد شفیق، جناب محمد وہاج الدین صدیقی صاحب نمائندگی کرتے ہیں۔

آخر میں میں صدر تنظیم جناب محمد ضیاء الدین نیر صاحب نائب صدور تنظیم جناب ڈاکٹر محمد مشتاق علی صاحب، جناب محمد معید حشر صاحب، محترمہ انیس عائشہ صدر تنظیم نسواں، نائب معتمد عمومی جناب محمد سیف الرحیم قریشی صاحب مددگار معتمد جناب ملک محمد دستگیر علی خان صاحب، جناب محمد وہاج الدین صدیقی صاحب، چیف آرگنائیزر تنظیم، جناب محمد معین الزماں صاحب، خازن تنظیم معزز ارکان عاملہ خاص کر ، جناب محمد عبید الرحیم قریشی صاحب، جناب مجاہد سکندر صاحب، جناب قاری محمد سلمان صاحب، جناب خواجہ قطب الدین صاحب، جناب محمد علی سلیم صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہو خاص کر یوتھ ونگ تعمیر ملت کے ذمہ دار جناب رضی الدین راشد، جناب سید حامد صاحب، جناب محمد رضوان صاحب، جناب محمد شہاب الدین صاحب، جناب محمد معاذ احمد شفیق، جناب محمد معز الدین، خاص کر آن لائن سمینارس منعقد کرنے میں تعاون کرنے پر جناب پروفیسر عامر اللہ خاں صاحب، جناب جلال الدین والیس حیدرآباد، جناب سید شہباز حسینی صاحب گلبرگہ، جناب عبدالرافع خان مہاراشٹرا، اور آفس اسٹاف جناب محمد اقبال صاحب، جناب محمد محمود صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہو کہ انہوں نے ہر وقت میرا تعاون کیا۔ جناب محمد شہاب الدین جو یوتھ ونگ کے کافی متحرک رکن ہے۔ انھوں نے زوم میٹنگس اسٹڈی سرکل کے اجلاس میں تمام سوشیل میڈیا کو کاور کرتے ہوئے اور تمام میٹنگس کی کامیابی میں اہم رول ادا کیا۔ میں تمام تنظیم کے عہدداروں ذمہ داروں کارکنوں اور مقامی مجالس کے ذمہ داروں کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں انکے تعاون کے بغیر یہ تمام پروگرامس کامیاب سے ہمکنار نہیں ہو سکتے تھے۔

اللہ ہماری مدد کرے۔ آمین

شب گریزاں ہوگی آخر جلوۂ خورشید سے
یہ چمن معمور ہو گا نغمہ توحید سے

☆☆☆